
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : سمیع مصطفیٰ

تیسری جماعت کے لئے



| | |
|---|---|
| ٹیچر کیلئے نوٹ | یہ کتاب تیسری جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اگر چاہیں تو بچوں کی ذہنی سطح کے لحاظ سے اس میں ردوبدل کرسکتی ہیں۔ |

## سیشن 1

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • بچوں سے پوچھیں کہ بوندوں کا مطلب کیا ہوتا ہے۔ بچے کہیں گے کہ پانی کے قطرے وغیرہ۔ اگر بچے کم و بیش صحیح جواب دیں تو ان کی تعریف کریں اور پھر ان کو بتائیں کہ پانی کے وہ قطرے جو باقاعدہ بارش شروع ہونے سے پہلے گرتے ہیں بوندیں کہلاتے ہیں۔ |
| 10 منٹ | • ٹیچر اپنے ساتھ ڈراپر لے کر آئیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کیا آپ نے بوندیں گرتی ہوئی دیکھی ہیں بچے مختلف جوابات دیں گے۔<br>• پھر ٹیچر بچوں کو رنگین یا سادہ پانی ڈراپر میں بھرکر ڈراپر سے بوندیں گراکر دکھائیں۔ |
| | • اس تجربے کے بعد ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ جب بوندیں بہت تیزی سے گرنے لگتی ہیں تو ہم کہتے ہیں کہ بارش ہورہی ہے۔ جب بوندیں آہستہ گرتی ہیں تو اسے بوندا باندی کہتے ہیں۔ پھر بچوں سے پوچھیں کہ کیا کوئی بچہ بتا سکتا ہے کہ وہ کون سا موسم ہوتا ہے جب بوندا باندی زیادہ ہوتی ہے۔ شاید اکثر بچے برسات کا موسم کہیں۔ |
| 10 منٹ | • کچھ دیر ٹیچر برسات پر بھی بات کریں کہ برسات میں کون کون سے کیڑے یا جانور زیادہ نکل آتے ہیں۔ (مینڈک، مچھر، مکھی، پتنگے، کیچوے وغیرہ)۔ برسات میں کیا کھانے شوق سے کھائے جاتے ہیں (پوریاں، پکوڑے، حلوے اور کچوریاں) سب سوالات بچوں سے کریں اور ان کے جوابات بھی سنیں۔ |

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ کتاب نکالیں اور کتاب کی تصاویر کو دیکھیں اور چند بچوں سے پوچھیں کہ ان کو کون سی تصویر سب سے اچھی لگی اور کیوں؟
- اب ٹیچر تاثرات کے ساتھ کتاب کی پڑھائی خود کریں اور اس طرح پڑھائی کریں جیسے کوئی کہانی سنا رہی ہیں۔ کتاب پڑھنے کے بعد سات یا آٹھ بچوں سے باری باری کتاب کی پڑھائی کروائیں۔ جو الفاظ پڑھنے میں مشکل ہوں وہ بورڈ پر لکھتی جائیں۔

- پڑھائی کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ ان کو یہ کتاب بوندوں کے قصے کیسے لگی۔ اس کی تصویریں کیسی لگیں۔ بوندوں کو انسان کی طرح شرٹ، ٹائی پہنے دکھایا گیا ہے اس پر بھی بات کریں۔ (کبھی کبھی کسی چیز کو مزید دلچسپ بنانے کے لئے اس کو بالکل نیا رنگ دے دیتے ہیں۔ اسی لئے باتیں کرتی بوندوں کو باقاعدہ کپڑے پہنا کر مزید دلچسپ بنادیا ہے)۔

15 منٹ

- اب چند بچوں کو باری باری بلائیں اور ان سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کی توڑ بورڈ پر لکھیں۔ اگر کسی بچے کو یہ کام کرنے میں دشواری ہو تو اس کی مدد کریں۔ اس طرح تقریباً 15-10 بچوں کو الفاظ کی توڑ بورڈ پر لکھنے کا موقع دیں۔ اگر بچوں کو اس کام میں دلچسپی ہورہی ہو تو یہ کام مزید 15-10 بچوں سے بھی کرواسکتے ہیں۔ اس کام میں دلچسپی کی وجہ سے ساتھ ساتھ ان کو اردو زبان میں بھی دلچسپی پیدا ہوگی۔

گھر کا کام

- بچے گھر سے کہانی پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 2

10 منٹ


- ٹیچر 8-7 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں اور جہاں بچوں کو سبق پڑھنے میں مشکل ہو وہاں ان کی مدد کریں۔

10 منٹ

- پھر ٹیچر کلاس میں پہلے بچوں سے زبانی گفتگو کریں کہ بوندوں کا قصہ کیا ہے۔ یعنی آسمان سے پہلے بہت ساری بوندیں بارش کی شکل میں برستی ہیں۔ کہیں کھڑکی پر کہیں کتے کی ناک پر، کہیں ہمارے سروں پر گرتی ہیں۔ پہلے یہ بات بچوں سے خود پوچھیں اور اگر بچے نہ بتا سکیں تو ان کو ٹیچر بتائیں۔ پھر یہ کہ بوندیں بارش کی شکل میں جب نیچے آتی ہیں تو کچھ بارش کی شکل میں ہمارے کھیتوں میں گرتی ہیں اور اناج اگانے میں مدد کرتی اور کچھ دریا ندی اور سمندر میں جا گرتی ہیں۔ جب دریا، ندی اور سمندر پر سورج کی گرمی پڑتی ہے تو وہ بھاپ بن کر دوبارہ آسمان پر چلی جاتی ہیں۔ جہاں سے دوبارہ ٹھنڈک کی وجہ سے بوندوں کی شکل میں برستی ہیں۔

20 منٹ

- اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کاپیاں کھولیں اور وہ بوند کی کہانی ڈرائنگ کی صورت میں ظاہر کریں۔ اس کو water cycle بھی کہتے ہیں۔ chart اس طرح بنائیں۔




گھر کا کام
5 منٹ

- بورڈ پر 15 الفاظ کتاب سے دیکھ کر لکھیں۔ ان میں کچھ الفاظ آسان ہوں۔ کچھ معمولی مشکل اور دو تین مشکل ہوں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کو اپنی کاپیوں میں اتاریں اور گھر سے ان کی مشق کرکے آئیں۔ کل ان کا املا لیا جائے گا۔

## سیشن 3

10 منٹ
- آج ٹیچر 8-7 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں اور جہاں بچوں کو سبق پڑھنے میں مشکل ہو وہاں ان کی مدد کریں۔

35 منٹ
- پھر کسی ایک بچے کو جس کی اردو اچھی ہو کلاس میں سامنے بلوائیں اور بچوں سے کہیں کہ آج کلاس میں یہ (بچہ یا بچی) آپ لوگوں کے ٹیچر ہوں گے اور املا کروائیں گے۔ پھر ٹیچر خود کونے میں بیٹھ جائیں اور وہ بچہ املا کروائے۔ اس کو چاہیئے کہ کل جو الفاظ بورڈ پر لکھوائے تھے وہ الفاظ آہستہ آہستہ بولے۔ اس کام کے لئے وہ اصلی ٹیچر کی کرسی پر بیٹھ جائے۔ باقی بچے اپنی اپنی کاپیوں میں املا لکھیں۔ جب املا لکھوانا ختم ہوجائے تو وہی بچہ باقی بچوں سے کہے کہ وہ اپنی اپنی کاپیاں ساتھی کو دیں۔ پھر املے کے الفاظ بورڈ پر صفائی سے لکھے اور بچے ان کی تصحیح کریں۔

- جب یہ کام ہوجائے اور اگر وقت بچ جائے تو ٹیچر مختلف بچوں سے پوچھیں کہ کس نے کس لفظ کو غلط لکھا ہے۔ ان بچوں سے کہیں کہ وہ ہر غلطی کو گھر سے تین بار لکھ کر لائیں۔

## سیشن 4

30 منٹ
- آج بچوں سے کتاب کے دس الفاظ کاپی پر لکھوائیں۔ مثلاً کتا ' کسان ' کھڑکی ' کھیت ' بھینس ' گانا ' بادل ' گھر ' بچہ ' کہانی۔
- ان الفاظ کے ساتھ بچوں سے پوچھ کر ان کی انگریزی لکھیں (مثلاً کسان farmer )۔ ٹیچر بورڈ پر لکھیں اور بچے کاپیوں پر اتاریں۔ اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ ان الفاظ سے اپنی مرضی کے جملے بنائیں۔ لیکن جملے بنانے سے پہلے اس کام کی زبانی مشق ٹیچر بچوں کے

ساتھ کریں۔ اس طرح کسی ایک لفظ کے بہت سارے جملے بچوں کو سننے کو ملیں گے۔ جب بچے جملے لکھ رہے ہوں تو ٹیچر فرداً فرداً ان کے پاس جائیں اور ان کی مدد کریں۔ بچے اردو میں جملے بنائیں گے۔

| | |
|---|---|
| کھیت | field |
| بھینس | buffalo |
| گانا | song |
| بادل | cloud |
| گھر | house |
| بچہ | child |
| کہانی | story |
| کھڑکی | window |
| کتا | dog |
| تالاب | pond |

15 منٹ

- جب بچے یہ کام کرچکیں تو ان سے کہیں کہ باری باری اپنے بنائے ہوئے ایک ایک یا دو دو جملے پڑھ کر سنائیں۔ ان کی تعریف کریں اور جہاں ضرورت ہو وہاں شفقت کے ساتھ تصحیح کریں۔

گھر کا کام

- بچوں کو بتائیں کہ کل آرٹ کروایا جائے گا۔ لہذا بچے گھر سے رنگین پینسل یا crayon لیکر آئیں گے۔

## سیشن 5

10 منٹ
- اگر کچھ بچوں نے کتاب کی پڑھائی نہیں کی تو ان کو بھی پڑھائی کرنے کا موقع دیں اور بچوں کو جن الفاظ کو پڑھنے میں دشواری ہو وہ بورڈ پر لکھیں۔

35 منٹ
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ آرٹ کرنے کے لئے سفید کاغذ نکالیں اور ساتھ ساتھ رنگین پینسل یا crayon بھی۔ صفحہ کے اوپر لکھیں ''بارش کا موسم'' اس کے نیچے اپنا نام اور تاریخ لکھیں۔ پھر بارش کا ایک منظر بنائیں۔ جس میں اگر چاہیں تو بادل' بارش' گھر' درخت' ندی' دریا' سورج' انسان سب دکھائیں۔

- جب بچے ڈرائنگ کررہے ہوں تو ان کی تعریف کریں اور موقع ہو تو ان کی بنائی ہوئی ڈرائنگ کو کلاس میں display کریں۔

## سیشن 6

10 منٹ
- اگر کچھ بچوں نے اب تک پڑھائی نہیں کی ہو تو ان سے پڑھائی کروائیں اور جو لفظ وہ آسانی سے نہ پڑھ سکیں ان کو بورڈ پر لکھیں۔

15 منٹ
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کاپیاں کھولیں۔ ٹیچر بورڈ پر دس الفاظ کو توڑ کر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ ان کو جوڑ کر لکھیں۔ مثلاً

ب + و + ن + د =

و + ہ + ا + ں =

پ + و + چ + ھ + ا =

ن + ا + ک =

جب ٹیچر بورڈ پر یہ توڑ لکھ لیں تو سب بچے اپنی اپنی کاپیوں پر خاموشی سے ان کی جوڑ بنائیں۔ جب وہ یہ کام کرلیں تو بچے آپس میں کاپیاں تبدیل کریں۔ ٹیچر بورڈ پر جوڑ لکھیں اور بچے اپنے ساتھیوں کے کام کی تصحیح کریں اور نمبر دیں۔ ٹیچر پوچھیں کہ کس بچے یا کن بچوں کو پورے نمبر ملے اور کن کو کم ملے۔ پورے نمبر ملنے والوں کی تعریف کریں اور کم نمبر ملنے والوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ

- آج ٹیچر بچوں کی مدد سے ایک خیالی کہانی بنائیں گی۔ سب سے پہلے ٹیچر کہانی کا ابتدائی جملہ خود کہیں تاکہ بچوں کو کہانی آگے بڑھانے میں آسانی ہو۔ اس طرح بچوں کی مدد سے مل کر ایک کہانی ترتیب دیں۔ کلاس کے ہر بچے کو یا چند بچوں کو کہانی آگے بڑھانے کے لئے کہیں۔ اس طرح بچوں کی مدد سے کہانی مکمل کریں۔ ٹیچر چاہے تو یہ کہانی ترتیب وار بورڈ پر لکھتی جائیں۔

# بوندوں کے قصے

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale